10مارچ2016ء

مالی سال16ء کے پہلے آٹھ مہینوں میں کارکنوں کی ترسیلات زر6فیصد نمو کے ساتھ12.7ارب ڈالر ہو گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال16ء کے ابتدائی آٹھ مہینوں (جولائی تا فروری) کے دوران 12714.57ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س15ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 11986.44 ملین ڈالر کے مقابلے میں 6.07فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔

فروری 2016ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1516.39ملین ڈالر تھی جو جنوری 2016ء کے مقابلے میں 3.65فیصد، اور فروری2015ء کے مقابلے میں 6.74فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک فروری2016ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 471.94ملین ڈالر، 317.12ملین ڈالر، 212.19ملین ڈالر، 174.66ملین ڈالر، 191.75ملین ڈالر، اور 28.48ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ فروری2015ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 453.41ملین ڈالر، 319.1ملین ڈالر، 189.63ملین ڈالر، 180.02ملین ڈالر، 168.22ملین ڈالر اور 24.17ملین ڈالر تھیں۔ فروری2016ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 120.25ملین ڈالر رہیں جبکہ فروری2015ء میں ان ملکوں سے 86ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆